روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 29 جنوری 2009ء 2 صفر 1430 ہجری 29 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 23

نقل نہیں کرتا

قیصر روم ہرقل نے بھرے دربار میں ابوسفیان سے پوچھا کہ کیا محمد (ﷺ) سے پہلے تم میں سے کسی نے نبوت کا دعویٰ کیا۔ ابوسفیان نے کہا نہیں۔ اس پر ہرقل نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ کسی نے اس سے قبل ایسا دعویٰ کیا ہوتا تو میں کہتا کہ یہ ایسا آدمی ہے جو پہلے کی گئی باتوں کی نقل کر رہا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر:6)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اظہار سچائی کے لئے ایک مجدّد اعظم تھے جو گم گشتہ سچائی کو دوبارہ دنیا میں لائے۔ اس فخر میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کوئی بھی نبی شریک نہیں کہ آپ نے تمام دنیا کو ایک تاریکی میں پایا اور پھر آپ کے ظہور سے وہ تاریکی نور سے بدل گئی جس قوم میں آپ ظاہر ہوئے آپ فوت نہ ہوئے جب تک کہ اس تمام قوم نے شرک کا چولہ اتار کر توحید کا جامہ نہ پہن لیا اور نہ صرف اس قدر بلکہ وہ لوگ اعلیٰ مراتبِ ایمان کو پہنچ گئے اور وہ کام صدق اور وفا اور یقین کے ان سے ظاہر ہوئے کہ جس کی نظیر دنیا کے کسی حصہ میں پائی نہیں جاتی۔ یہ کامیابی اور اس قدر کامیابی کسی نبی کو بجز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نصیب نہیں ہوئی۔ یہی ایک بڑی دلیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر ہے کہ آپ ایک ایسے زمانہ میں مبعوث اور تشریف فرما ہوئے جبکہ زمانہ نہایت درجہ کی ظلمت میں پڑا ہوا تھا۔ اور طبعاً ایک عظیم الشان مصلح کا خواستگار تھا۔ اور پھر آپ نے ایسے وقت میں دنیا سے انتقال فرمایا جبکہ لاکھوں انسان شرک اور بت پرستی کو چھوڑ کر توحید اور راہ راست اختیار کر چکے تھے۔ اور درحقیقت یہ کامل اصلاح آپ ہی سے مخصوص تھی کہ آپ نے ایک قوم وحشی سیرت اور بہائم خصلت کو انسانی عادات سکھلائے۔ یا دوسرے لفظوں میں یوں کہیں کہ بہائم کو انسان بنایا اور پھر انسانوں سے تعلیم یافتہ انسان بنایا۔ اور پھر تعلیم یافتہ انسانوں سے باخدا انسان بنایا اور روحانیت کی کیفیت ان میں پھونک دی اور سچے خدا کے ساتھ ان کا تعلق پیدا کر دیا۔ وہ خدا کی راہ میں بکریوں کی طرح ذبح کئے گئے۔ اور چیونٹیوں کی طرح پیروں میں کچلے گئے مگر ایمان کو ہاتھ سے نہ دیا۔ بلکہ ہر ایک مصیبت میں آگے قدم بڑھایا۔ پس بلاشبہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم روحانیت قائم کرنے کے لحاظ سے آدم ثانی تھے۔ بلکہ حقیقی آدم وہی تھے جن کے ذریعہ اور طفیل سے تمام انسانی فضائل کمال کو پہنچے اور تمام نیک قوتیں اپنے اپنے کام میں لگ گئیں اور کوئی شاخ فطرت انسانی کی بے بار و بر نہ رہی۔

(لیکچر سیالکوٹ۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 206)

ہفتہ تعلیم القرآن

❁ سال 2009ء کا پہلا ہفتہ تعلیم القرآن 6 تا 12 فروری 2009ء کو منایا جا رہا ہے۔ تمام امراء، صدران و سیکرٹریان تعلیم القرآن سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی جماعتوں میں حسب پروگرام ہفتہ تعلیم القرآن منا کر اس کی تفصیلی کارگزاری رپورٹ مرکز کو ارسال فرمائیں۔

☆ مورخہ 6 فروری کو نماز تہجد سے اس بابرکت ہفتہ کا آغاز کیا جائے۔ نماز باجماعت کے قیام کو یقینی بنایا جائے۔

☆ مورخہ 6 فروری کے خطبہ جمعہ میں کوشش کی جائے کہ قرآن کریم کے فضائل و برکات اور تعلیم القرآن نیز ہماری ذمہ داریوں کے متعلق ذکر کیا جائے۔

☆ ہر فرد جماعت قرآن کریم روزانہ کم از کم دو رکوع تلاوت کر کے ترجمہ بھی پڑھے۔

☆ ہر سیکرٹری تعلیم القرآن اس امر کا جائزہ لے کہ اس کے حلقہ میں جو بالغ افراد ابھی تک قرآن کریم ناظرہ نہیں جانتے، ان کو قرآن کریم پڑھانے کا فوری انتظام کیا جائے۔ نیز جائزہ لیں کہ ہر فرد جماعت روزانہ تلاوت قرآن کریم کرے، خصوصاً کمزور اور سست افراد سے رابطہ کر کے روزانہ تلاوت کی طرف توجہ دلائیں۔

☆ دوران ہفتہ محلّہ میں ایک اجلاس عام ضرور منعقد کرائیں جس میں قرآن کریم کے فضائل و برکات کا تذکرہ ہو، اس میں ذیلی تنظیموں کے ممبران کو بھی شامل کریں۔ نیز ذیلی تنظیمیں اپنے اجلاسات میں بھی فضائل قرآن کو بیان کریں۔ اطفال و ناصرات کو قرآن کریم کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کی نظمیں بھی یاد کروائی جائیں جو وہ مختلف مواقع پر مل کر ترنم کے ساتھ پڑھیں۔

☆ سیکرٹریان وصایا اس بات کا جائزہ لیں کہ ان کی جماعت میں موصیان قرآن کریم ناظرہ جانتے ہیں پھر موصیان کی ڈیوٹی لگائی جائے کہ قواعد وصیت کے قاعدہ نمبر 17 کے مطابق کم از کم دو ایسے احباب کو قرآن کریم ناظرہ سکھائیں جو قرآن کریم ناظرہ نہیں جانتے۔ ہفتہ قرآن کے اختتام پر نظارت ہذا کو رپورٹ ضرور بھجوائیں۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد تعلیم القرآن و وقف عارضی)

مدرسۃ الحفظ کے داخلہ کے طریقہ کار میں اہم تبدیلی

مدرسۃ الحفظ میں داخلہ برائے سال 2009ء کیلئے داخلہ فارم یکم جون تا 30 جولائی 2009ء مدرسۃ الحفظ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ داخلہ فارم مکمل کرنے کے بعد مدرسۃ الحفظ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 جولائی 2009ء ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد کوئی فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ نامکمل فارم پر کارروائی ممکن نہیں ہوگی۔

فارم کے ہمراہ مندرجہ ذیل سرٹیفکیٹ لف کریں۔

برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے۔)

پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

نوٹ: فارم پر صدر جماعت/امیر جماعت کی تصدیق ضروری ہے۔

اہلیت:

امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2009ء تک اس کی عمر بارہ سال سے زائد نہ ہو۔

امیدوار پرائمری پاس ہو۔

امیدوار نے قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

انٹرویو

ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 8/اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

بیرون ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 9 اور 10/اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ مورخہ 7/اگست کو نظارت تعلیم، دارالضیافت کے استقبالیہ میں اور مدرسۃ الحفظ کے گیٹ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ تمام امیدواران سے درخواست ہے کہ انٹرویو کے لئے آنے سے قبل اس بات کی تسلی کر لیں کہ ان کا نام لسٹ میں شامل ہے۔ نیز مقررہ وقت پر تشریف لائیں۔

عارضی لسٹ اور تدریس کا آغاز

کامیاب امیدواران کی عارضی لسٹ مورخہ 12/اگست 2009ء کو صبح 9 بجے مدرسۃ الحفظ اور نظارت تعلیم کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ تدریس کا آغاز مورخہ 17/اگست سے ہوگا حتمی داخلہ 31 دسمبر کے بعد تسلی بخش تدریسی کارکردگی پر دیا جائے گا۔

نوٹ: انٹرویو کیلئے قواعد پر پورا اترنے والے امیدواران کو علیحدہ سے کوئی اطلاع نہیں بھجوائی جائے گی۔

مدرسۃ الحفظ شکور پارک نزد نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ

پوسٹ کوڈ: 35460 فون: 047-6213322

(پرنسپل مدرسۃ الحفظ ربوہ)

ضرورت اساتذہ

(مریم صدیقہ گرلز ہائی سکول ربوہ)

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خلافت جوبلی کے موقع پر نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ کے زیر انتظام محلہ دارالرحمت غربی میں واقع مریم صدیقہ انگلش میڈیم سکول کے پرائمری حصہ کا آغاز اگست 2008 سے ہو چکا ہے اور پریپ سے پانچویں تک کلاسز جاری ہیں۔ اب اسی تسلسل میں سکول کے ہائی حصہ کی تعمیر مکمل ہونے والی ہے اور اپریل 2009ء سے انشاءاللہ ہائی کلاسز کا اجراء کر دیا جائے گا۔ یہ کلاسز ششم تا دہم صرف لڑکیوں کے لئے ہوں گی۔ اس انگلش میڈیم سکول کیلئے نظارت تعلیم کو مندرجہ ذیل مضامین کے لئے ایسی احمدی خواتین اساتذہ کی ضرورت ہے جو انگریزی بول چال میں مہارت رکھتی ہوں اور وقف کے جذبہ کے ساتھ خدمت کا شوق رکھتی ہوں۔ مذکورہ اہلیت کی حامل خواتین اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ صدر محلہ/امیر جماعت کی تصدیق کے ساتھ ہمراہ نقول تعلیمی اسناد مورخہ 20 فروری 2009ء تک نظارت تعلیم میں جمع کروادیں۔ تجربہ کو ترجیحی اہلیت شمار کیا جائے گا۔ ایسی واقفات نو جو اس معیار پر پورا اترتی ہوں ان کی درخواستیں ترجیحاً زیر غور لائی جائیں گی۔

مضمون	تعلیمی قابلیت
انگریزی	ایم اے انگلش/بی اے انگلش لٹریچر+بی ایڈ
میتھ	ایم ایس سی میتھ/بی ایس سی میتھ+بی ایڈ
اردو	ایم اے اردو+ایم ایڈ/بی ایڈ
فزکس	ایم ایس سی/بی ایس سی+بی ایڈ/بی ایس ایڈ
کیمسٹری	ایم ایس سی/بی ایس سی+بی ایڈ/بی ایس ایڈ
بیالوجی	ایم ایس سی/بی ایس سی+بی ایڈ/بی ایس ایڈ
جنرل سائنس	ایم ایس سی/بی ایس سی+بی ایڈ/بی ایس ایڈ
عربی	ایم اے عربی+بی ایڈ
دینیات	ایم اے اسلامیات/عربی+ایڈ
مطالعہ پاکستان	ایم اے پاک سٹڈیز+بی ایڈ
ہوم اکنامکس	ایم اے/بی اے+بی ایڈ
آرٹ ٹیچر	ایم اے/بی اے+فائن آرٹ میں ڈپلومہ
لیب اسسٹنٹ	بی ایس سی+ڈپلومہ

(نظارت تعلیم)

28واں سالانہ کنونشن IAAAE

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز (IAAAE) کا 28واں سالانہ کنونشن مورخہ 7 اور 8 مارچ 2009ء کو ایوان ناصر دفاتر مجلس انصاراللہ پاکستان ربوہ میں منعقد ہوگا۔ تمام خواہش منداحباب وخواتین نیز احمدی انجینئرز/ڈپلومہ انجینئرز و آرکیٹیکٹ صاحبان کو شرکت کی بھرپور دعوت ہے۔ نیز تمام ایسے احباب جنہوں نے ابھی ایسوسی ایشن کی ممبر شپ حاصل نہیں کی وہ مندرجہ ذیل نمبروں پر رابطہ کر کے رکنیت حاصل کر لیں۔

مکرم شیخ حارث احمد صاحب
0333-6713202
haris@iaaae.com

مکرم انجینئر جہانگیر شفیع صاحب (کنوینر)
0321-8497454
jehangir.ahmad@wateen.com

مکرم انجینئر وسیم احمد خلیل صاحب لاہور
0300-4399113
power@brain.net.pk

مکرم انجینئر امجد احمد صاحب کراچی
0302-8245858
amjad1957@yahoo.com

مکرم انجینئر سید محمود احمد صاحب اسلام آباد
0300-8555249
mahmood_ahmadsyed@hotmail.com

مکرم انجینئر طارق محمود صاحب فیصل آباد
0333-9944735

مکرم انجینئر عبدالودود صاحب پشاور
0300-5933067
awadoodk@psh.paknet.com.pk

مکرم انجینئر منور احمد شاہد صاحب واہ کینٹ/ٹیکسلا
051-4532624

مکرم ڈپلومہ انجینئر راجہ ناصر احمد صاحب سرگودھا
0321-7251360

مکرم ڈپلومہ انجینئر میاں نذیر احمد صاحب ملتان
0300-8636386

مکرم انجینئر حامد محمود چیمہ صاحب گوجرانوالہ
0345-6528997

مکرم انجینئر اعجاز منہاس صاحب راولپنڈی
0300-9555663
iq64minhas@gmail.com

مکرم ڈپلومہ انجینئر مقصود احمد صاحب۔ کوئٹہ
0301-3703595

مکرم ڈپلومہ انجینئر چوہدری نسیم احمد صاحب۔ حیدرآباد
022-3812675

مکرم انجینئر نعیم احمد صاحب طارق کوٹ ادو
0300-8736606
naeem.tariq@kapco.com

مکرم انجینئر نواز سیال صاحب۔ جہلم
0333-5527958

مکرم ڈپلومہ انجینئر آطف محمود صاحب ساہیوال
0301-4128056
atifmahmood2k@hotmail.com

نوٹ: اس کنونشن میں انڈسٹریل نمائش کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے۔ خواہشمند احمدی مینوفیکچررز اور کاروباری حضرات بھی اس سلسلہ میں رابطہ فرمالیں۔

(جنرل سیکرٹری IAAAE)

سیکرٹریان تعلیم اضلاع متوجہ ہوں

تمام سیکرٹریان تعلیم اضلاع کو نظارت تعلیم کی طرف سے کوائف فارم ارسال کیا گیا تھا جس میں زیر تعلیم طلبہ کے کوائف، تعلیم ترک کرنے والے طلبہ کے کوائف اور ایسے طلباء کے کوائف جنہوں نے جنوری سے دسمبر 2008ء کے دوران دوبارہ تعلیم جاری کی ہے شامل ہیں۔ اس سلسلہ میں اکثر اضلاع کی طرف سے ابھی کوائف فارم موصول نہیں ہوئے۔ براہ مہربانی جلد از جلد یہ کوائف فارم نظارت تعلیم میں ارسال کر کے ممنون فرمائیں۔ امید ہے کہ پچھلی سستیوں کو دور کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کو نبھائیں گے۔

(نظارت تعلیم)

رکشہ یونین ربوہ کا اجلاس

لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کے زیر اہتمام مورخہ 21 جنوری 2009ء کو بعد نماز عصر لیڈیز پارک بیوت الحمد میں رکشہ یونین ربوہ کا اجلاس زیر صدارت مکرم اللہ بخش صادق صاحب صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ منعقد ہوا۔ 400 کے قریب رکشہ مالکان و ڈرائیور حضرات اجلاس میں شریک ہوئے۔

تلاوت کے بعد مکرم محمد خالد گورایہ صاحب سرپرست اعلیٰ رکشہ یونین ربوہ نے اپنی تقریر میں رکشہ یونین کو فعال بنانے اور تمام رکشہ مالکان و ڈرائیور حضرات کو ایک احمدی ہونے کے ناطے نیک نمونہ پیش کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ ان کی تقریر کے بعد مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب سرپرست اعلیٰ انجمن تاجران ربوہ نے شرکاء سے خطاب کیا اور ٹریفک قوانین کا احترام کرتے ہوئے ان پر عمل کرنے اور سواریوں کے ساتھ بااخلاق طریقے سے پیش آنے کے بارہ میں نصائح کیں۔ بعد ازاں رکشہ یونین ربوہ کے صدر، نائب صدر، جنرل سیکرٹری، سیکرٹری فنانس اور سیکرٹری اطلاعات کا انتخاب ہوا۔ آخر پر مکرم مہمان خصوصی نے خطاب کیا جس میں انہوں نے رکشہ یونین سے متعلق بعض اصولی ہدایات دیتے ہوئے دفتر لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کی جانب سے رکشہ یونین کے حوالے سے ہر ممکن تعاون کی پیشکش کی اور اسی طرح تمام رکشہ مالکان اور ڈرائیور حضرات سے بھی رکشہ یونین کے عہدیداران اور دفتر لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کے ساتھ بھرپور تعاون کی درخواست کی۔ خطاب کے بعد مکرم مہمان خصوصی نے دعا کروائی جس کے بعد تمام مہمانان اور شرکاء کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

تبرکات

خلیفہ راشد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

آپ کی سعادت اور خدمات دینیہ کا ذکر

مکرم شیخ محمد اسماعیل صاحب پانی پتی

یہ اسلام کے اُس عظیم الشان فرزند کے نصیحت آمیز اور سبق آموز حالات ہیں جو سب سے پہلے اسلام لایا اور جس نے اسلام لانے کے بعد اپنا سب کچھ اسلام پر قربان کر دیا۔ جو بانیٔ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سب سے زیادہ مخلص خادم تھا جس نے اسلام کی نصرت واعانت اور امداد وحمایت میں کوشش وہمت کا کوئی دقیقہ باقی نہیں چھوڑا۔ جو ختم المرسلین اور خاتم النبیین ؐ کا سب سے پہلا اور سب سے زیادہ مضبوط جانشین تھا۔ جس نے جسمانی لحاظ سے ضعیف اور کمزور ہونے کے باوجود حیرت انگیز استقلال اور جوانمردانہ عزم کے ساتھ اسلام کی اُس وقت پشتیبانی کی جب پیغمبر اسلام ؐ کی رحلت کے بعد اسلام کی کشتی منجدھار میں تھی اور مرکز اسلام کو چاروں طرف سے دشمنان اسلام کی فوجوں نے گھیر رکھا تھا۔ یہ اُسی مردمومن کے حالات ہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے زیادہ عزیز اور سب سے زیادہ محبوب تھا۔ یہی وہ عظیم انسانی شخصیت تھی جس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تین دن تنگ وتاریک غار میں رہنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اس موقع پر رسول اللہ ؐ نے ان کو ''اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا '' کا مژدہ سنایا تھا۔ یہی وہ بے نظیر بہادر تھا جس کو اَشْجَعُ الْعَرَب ؐ نے وقت ہجرت اپنا ہمسفر بنانے کی سعادت بخشی۔ یہ وہی نہایت متقی وپرہیزگار شخص تھا جسے آقائے دوجہان نے مرض الموت میں اپنی بجائے نماز پڑھانے کا حکم دیا۔ یہ اسی صدیقہ اور طاہرہ خاتون کا باپ تھا جسے خیر البشر ؐ اور افضل الرسل کی سب سے چہیتی بیوی اور رفیق زندگی ہونے کا فخر حاصل ہوا۔

حضرت ابوبکرؓ قریش کے ایک معزز قبیلہ بنی تمیم سے تعلق رکھتے تھے اور آپؓ کا سلسلۂ نسب چھ سات پشت کے بعد مرہ بن کعب پر آنحضرت ﷺ کے شجرہ سے مل جاتا ہے۔ آپ کے والد کا نام عثمان بن عامر اور کنیت ابوقحافہ تھی۔

آپؓ کی والدہ کا نام سلمٰی بنت صخر اور کنیت اُمّ الخیر تھی۔ آپؓ آنحضرت ﷺ سے دو سال تین ماہ چھوٹے تھے۔ رسول اللہ ؐ کی ولادت 20؍اپریل 571ء کو ہوئی تھی۔ اس حساب سے آپ کی پیدائش ماہ جون 573ء میں مکّہ میں ہوئی۔

آپ کے پیدا ہونے کے وقت اگرچہ تمام قوم اور تمام ملک اصنام پرستی میں مبتلا تھا۔ مگر عرب کے بُت پرست کعبہ کو جو حضرت ابراہیمؑ نے بنایا تھا نہایت مقدس اور محترم سمجھتے تھے اور اسی تقدس کے احترام میں کعبہ کے اندر اپنے تین سو ساٹھ معبودوں کو رکھ چھوڑا تھا۔

آپ کے والدین نے اسی کعبہ کی تقدیس کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بیٹے کا نام ''عبدالکعبہ'' رکھا مگر چونکہ یہ مشرکانہ نام تھا اس لئے جب آپ مسلمان ہوئے تو آنحضرت ﷺ نے آپ کا نام بدل کر عبداللہ رکھ دیا۔ رسول اللہ ؐ کی عادت تھی کہ مسلمان ہو جانے کے بعد لوگوں کے وہی نام باقی رہنے دیتے تھے مگر جو نام مشرکانہ ہوتا تھا اسے بدل کر دوسرا نام رکھ دیتے تھے۔

آپ کی کنیت ابوبکر تھی۔ بَکْرٌ کے معنے ہیں جوان اونٹ۔ چونکہ آپ کو اونٹوں کی غور وپرداخت اور ان کی پرورش ودیکھ بھال سے بڑی دلچسپی تھی لہذا اونٹوں کے اس تعلق کی وجہ سے آپ کو لوگ ابوبکر کہنے لگے۔ جیسے حضرت عمیر بلّیوں سے محبت کے باعث ابوہریرہ کہلانے لگے۔ جو لوگ حضرت صدیق کی کنیت کی نسبت ان کی بیٹی حضرت عائشہ صدیقہؓ کی طرف کرتے ہیں وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ وہ لفظ بِکْرٌ (کنواری) ہے۔ بَکْرٌ نہیں۔ مشہور مصری فاضل محمد حنین ہیکل اپنی قابل قدر تالیف ''الصّدِیق ابو بکر'' میں آپ کی اس کنیت کی وجہ تسمیہ کے متعلق لکھتا ہے کہ اِنَّـہٗ بَکَرَ اِلَی الْاِسْلَامِ قَبْلَ غَیْرِہٖ ۔ یعنی آپ کی یہ کنیت اس سے پڑی کہ آپ سب سے پہلے ایمان لائے۔

آپ کا لقب صِدّیق وعَتِیْق تھا۔ صِدّیق: صدق کو بلا تامل قبول کرنے والا۔ عَتِیْق: حسین، خوبصورت اور جوانمرد وبہادر۔ خداتعالیٰ نے آپ کو قرآن کریم میں ''ثَانِی اثنین '' کے خطاب سے یاد فرمایا ہے۔ اردو دنیا میں ''یارغار'' آپ کا مشہور لقب ہے۔ اور یہ لفظ ہماری زبان میں بطور محاورہ نہایت مخلص، بے ریا اور سچے دوست کے لئے بولا جاتا ہے۔

اسلام لانے سے قبل آپ ساری قوم میں نہایت عزت واحترام سے دیکھے جاتے تھے اور تمام اہل مکّہ آپ کو نہایت راستباز اور دیانتدار سمجھتے تھے۔ آپ بڑے عقلمند وفہیم اور نہایت حلیم و بردبار تھے۔ رحم و شفقت اور ملنساری ومروّت آپ کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔ اُس وقت جبکہ عرب میں شراب پانی کی طرح پی جاتی تھی آپ اس اُمّ الخبائث سے بکلی متنفر رہے اور ساری عمر شراب کا ایک قطرہ بھی نہیں چکھا۔ غرباء کی امداد، مساکین کی اعانت، بیواؤں کی ہمدردی، یتیموں کی دلدہی، عزیزوں سے سلوک اور مسافروں کی خدمت آپ کے مخصوص اوصاف تھے۔

قریش کے تمام قبائل کے آباء واجداد اور عرب کے مختلف خاندانوں میں حسب نسب کے اعتبار سے آپ تمام مکّہ میں بڑے عالم اور ماہر مانے جاتے تھے پھر باوجود قوم کا ایک معزز اور ذی وقار فرد ہونے کے لکھنا پڑھنا بھی اچھی طرح جانتے تھے (اس دور جاہلیت میں نوشت وخواند کافی شرفاء کے لئے باعث ننگ سمجھا جاتا تھا)

آپ کے معاش کا ذریعہ کپڑے کی تجارت تھا۔ اس تجارت میں آپ نے بڑا روپیہ کمایا۔ جس وقت دولت اسلام سے مشرف ہوئے تو چالیس ہزار دینار پاس تھے جو آپ نے سارے کے سارے خدا کے راستے میں خرچ کر دیئے۔

قبل از اسلام کی ایک خصوصیت صدیق اعظمؓ میں یہ تھی کہ آپ کے تعلقات آنحضرت ﷺ سے نہایت دوستانہ اور مخلصانہ تھے اور بچپنے کا یہ تعلق اتنا مستحکم اور استوار تھا کہ مرنے کے بعد بھی نہ چھوٹا۔ جب خداتعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو خلعت نبوت سے سرفراز فرمایا تو مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکرؓ ہی ایمان لائے۔ عورتوں میں یہ فخر حضرت خدیجہؓ کو حاصل ہوا۔ لڑکوں میں سے یہ سعادت حضرت علیؓ کے حصہ میں آئی اور غلاموں میں سے حضرت زیدؓ سب سے پہلے مسلمان ہوئے۔

اسلام لانے کے بعد حضرت صدیق ؓ نے اپنے آپ کو اسلام کی خدمت کے لئے بالکل وقف کر دیا۔ وہ ہر موقع پر اور ہر جگہ اپنے پیارے آقا کے ساتھ رہے اور وہ تمام مصیبتیں بھی انہوں نے بڑے صبر کے ساتھ برداشت کیں جو اسلام قبول کرنے کے نتیجہ میں کفار مکّہ مسلمانوں کو پہنچاتے تھے۔ اس وقت سب سے زیادہ مصیبت اور تکلیف میں وہ غلام تھے جو دولت اسلام سے مشرف ہو گئے تھے مگر کافر آقاؤں کے قبضے میں تھے اور وہ ان کو سخت سے سخت جسمانی ایذائیں دیتے تھے۔ حضرت صدیقؓ کا بڑا کارنامہ یہ ہے کہ ایسے بے یار ومددگار غلاموں کو ان کے آقاؤں سے خرید کر راہ خدا میں آزاد کر دیتے تھے۔ لقب ''چشم پیغمبر'' حضرت بلالؓ ایسے ہی غلاموں میں سے ایک تھے۔

خود حضرت صدیق ؓ بھی کفار کے ان ظلموں سے بچے ہوئے نہیں تھے۔ ایک دن بازار میں جا رہے تھے کہ لوگوں نے پکڑ کر اتنا مارا کہ ادھ مؤا کر دیا۔ رشتہ دار اٹھا کر گھر لے گئے۔ ہوش آتے ہی پوچھا کہ مجھے جلدی بتاؤ رسول اللہ کیسے ہیں اور کہاں ہیں؟ والدہ اسی زخمی حالت میں ان کو آنحضرت ﷺ کے پاس لے گئیں۔ صدیق ؓ نے چہرہ انور دیکھا تو اپنی تکلیف بھول گئے۔ ماں پر عشق ومحبت کے اس مظاہرہ کا بڑا اثر ہوا اور فوراً مسلمان ہو گئیں۔ باپ ابھی تک حالت کفر پر قائم تھے۔

سرراہ مکان تھا۔ حضرت صدیق ؓ ایسے اثر انگیز طریقے سے اور ایسے دردوسوز کے ساتھ آیات قرآن کی تلاوت کرتے کہ راستہ چلتے لوگ کھڑے ہو کر سننے لگتے۔ عورتوں پر خصوصاً زیادہ اثر ہوتا۔ کفار نے روکا کہ یہ کام نہ کیا کرو کہ ہماری عورتیں گمراہ ہوتی ہیں مگر یہ باز نہ آئے۔ لیکن جب تکلیفوں اور مصائب کی انتہاء ہو گئی تو رسول اللہ ؐ سے اجازت لے کر ہجرت کے لئے نکلے۔ شہر کے باہر پہنچے تو ادھر سے مکّہ کا رئیس ابن الدغنہ آ رہا تھا۔ اس نے پوچھا ''کدھر چلے؟'' صدیق نے جواب دیا تمہارے شہر والے مجھے نہیں رہنے دیتے محض اس جرم میں کہ مَیں نے بتوں کو چھوڑ کر خدا کو کیوں مانا۔

ابن الدغنہ نے کہا: نہیں ایسا نہیں ہو سکتا کہ تم جیسا شریف، نیک نفس، یتیموں کا ہمدرد، غریبوں کا معاون اور اعلیٰ درجہ کا مہمان نواز شخص مکّہ سے چلا جائے۔ مَیں تمہیں پناہ دیتا ہوں۔ کوئی شخص تمہاری طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا۔

یہ کہہ کر وہ حضرت صدیق ؓ کو اپنے ساتھ لایا اور اپنی امان کا خانہ کعبہ میں کھڑے ہو کر اعلان کر دیا۔ مگر جلد ہی حضرت صدیق ؓ نے اس کی امان واپس کر دی اور آپ پھر بدستور کافروں کے نرغہ میں تھے۔

کافروں کے پیہم مظالم کے باعث بیشتر مسلمان ترک وطن کرنے پر مجبور ہوئے۔ اور مکّہ میں آنحضرت ﷺ اپنے رفیق حضرت صدیقؓ اور اپنے چچا زاد بھائی حضرت علیؓ کے ساتھ رہ گئے۔ جب کفار نے یہ دیکھا تو ایک دن فیصلہ کیا کہ تمام قبائل سے ایک ایک بہادر منتخب کیا جائے اور سب تلواریں سونت کر محمد ؐ پر ٹوٹ پڑیں تاکہ ہمیشہ کے لئے جھگڑا ختم ہو جائے خداتعالیٰ نے بروقت آنحضرت ﷺ کو خبر دے دی اور آنحضرت ﷺ خود حضرت صدیقؓ کے مکان پر پہنچے اور ان سے فرمایا کہ مَیں آج شب کو حکم خداوندی کے ماتحت مکّہ چھوڑ رہا ہوں۔

نہایت ہی بیتابی کے ساتھ حضرت صدیقؓ نے پوچھا ''یا رسول اللہ! میرے لئے کیا حکم ہے؟''۔ خدا کے رسولؐ نے فرمایا: ''تم میرے ساتھ رہو گے''۔

اُس وقت حضرت صدیق ؓ کو ایسا معلوم ہوا جیسا انہیں دنیا جہان کی نعمتیں دے دی گئی ہوں اور مارے خوشی کے ان کا چہرہ چمکنے لگا۔ تھوڑی دیر بعد رات کے اندھیرے میں مکّہ سے تین میل دور حضرت صدیق ؓ غار ثور کو اپنے آقا کی رہائش کے لئے اپنے ہاتھوں سے صاف کر رہے تھے۔

قیام غار کے دوران میں حضرت صدیق ؓ نے یہ انتظام کیا تھا کہ اپنی لڑکی حضرت اسماءؓ سے کہا تھا کہ وہ کھانا پکا کر اور سب لوگوں سے چھُپ کر رات کے وقت ہمیں دے آیا کرے تاکہ رسول اللہ ؐ بھوکے نہ رہیں۔ اور اپنے غلام کو حکم دیا تھا کہ وہ سارا دن جنگل میں بکریاں چرانے کے بعد شام کو بکریوں کا ریوڑ غار پر لے آیا کرے تاکہ ان کا دودھ دوہ کر رسول اللہ ؐ کی خدمت میں پیش کیا جا سکے۔

ذرا غور کرو حضرت صدیق ؓ کی محبت رسولؐ پر۔ جہاں خطرہ ہو وہاں انسان اپنے آپ کو اس میں مبتلا کرنا منظور کر لیتا ہے۔ مگر اولاد کو اس سے بچانا چاہتا ہے۔ جہاں عزت کا سوال ہو وہاں انسان اپنی جان

قربان کردیتا ہے مگر اولاد کو محفوظ رکھنا چاہتا ہے۔ جہاں جان دینے کا سوال ہو وہاں انسان خود اپنے آپ کو پیش کر دیتا ہے مگر چاہتا ہے کہ اولاد بچ جائے۔ مگر صدیق اعظمؓ نے عشق رسول میں نہ اپنی جان کی پرواہ کی نہ، اپنی جوان بیٹی کی عزت اور جان کا خیال کیا۔ آج کون ہے جو کسی بڑے سے بڑے مقصد کے لئے بھی اپنی جوان بیٹی کو لق ودق جنگل اور رات کے خوفناک اندھیرے میں تن تنہا پتھروں اور سنگریزوں کی ٹھوکریں کھاتے ہوئے تین میل آنے اور تین میل جانے کا حکم دے۔ یہ صدیق اعظمؓ ہی کا حوصلہ اور جگرہ تھا کہ انہوں نے کسی بھی خطرہ کی پرواہ نہ کی اور ان کی جوان بیٹی گھُپ اندھیرے میں تین راتوں تک تین میل کا ہولناک سفر کرکے کھانا پہنچاتی رہی۔ عشق رسولؐ میں کتنا مدہوش تھا باپ جس نے جان بوجھ کر بیٹی کو خطرات کے سمندر میں دھکیل دیا اور کتنی بہادر تھی بیٹی جس نے بغیر ذرہ تامل کے اپنی جان کو سخت خطرہ میں ڈال کر باپ کے حکم کی تعمیل کی۔

تین دن میں یہ مقدس قافلہ غار سے نکل کر مدینہ روانہ ہوگیا۔ راستے میں ایک گوالا ملا۔ حضرت صدیقؓ نے اس سے اجازت لے کر پہلے برتن صاف کیا۔ پھر اپنے ہاتھ اور بکری کے تھن پانی سے دھوئے۔ اس کے بعد برتن کے منہ پر صاف کپڑا لپیٹا اور دودھ دوہ کر رسول اللہؐ کی خدمت میں پیش کردیا۔ رسول اللہؐ نے اس سے تھوڑا سا دودھ پیا اور باقی حضرت صدیق ؓ کو پلایا۔

مدینہ پہنچ کر سب سے پہلے اس بات کی اشد ضرورت محسوس ہوئی کہ خدا کا رسولؐ خدا کی عبادت کے لئے ایک مسجد بنائے۔ اس کے لئے زمین خریدی گئی اور اس کی ساری قیمت حضرت صدیقؓ نے اپنے پاس سے ادا کی۔ مسجد بننے لگی تو حضرت صدیقؓ بھی اس کے مزدوروں میں سے ایک تھے۔ یہ وہی مقدس ترین مسجد ہے جس میں پورے چودہ سو برس سے لاکھوں کروڑوں مسلمان خدا تعالیٰ کے حضور میں اپنی پیشانیاں سجدہ کے لئے جھکا چکے ہیں اور قیامت تک جھکاتے رہیں گے اور یہ وہی جگہ ہے جہاں خدا کا آخری رسولؐ حضرت صدیقؓ اور حضرت فاروقؓ کے ساتھ ابدی نیند سو رہا ہے۔

مکّی زندگی کی طرح مدینہ میں بھی یہ عاشق صادق سایہ کی طرح ہر وقت اپنے محبوبؐ کے ساتھ رہا۔ کوئی موقع اور کوئی جنگ ایسی نہ ہوئی جس میں رسول اللہ ﷺ نے شرکت فرمائی ہو اور حضرت صدیق ؓ اس میں شامل نہ ہوئے ہوں۔ اور نہایت جوانمردی، نہایت بہادری اور پامردی کے ساتھ اپنے مقدس آقا کی خدمت اور حفاظت نہ کی ہو۔ جنگ بدر میں رسول اللہؐ کے لئے نہایت محبت سے قلب لشکر میں ایک سائبان تیار کیا اور اس کے ساتھ ایک تیز رفتار اونٹنی باندھ دی اور عرض کی کہ رسول اللہؐ سائبان میں چل کر تشریف رکھیں تاکہ گرمی اور تپش آفتاب سے امن میں رہیں۔ رسول اللہؐ نے پوچھا یہ اونٹنی یہاں کیوں باندھی ہے؟ انتہائی عقیدت کے ساتھ صدیقؓ نے جواب دیا: یا رسول اللہؐ! اس لئے کہ ہم تین سو تیرہ نہتے آدمی ہیں اور کفار ایک ہزار مسلح جوان۔ اگر خدانخواستہ حالت دگرگوں دکھائی دے اور ہم جاں نثار آپ پر فدا ہو جائیں تو رسول اللہؐ اس اونٹنی پر سوار ہوکر مدینہ تشریف لے جائیں جہاں لوگ آپ کی پوری حفاظت کریں گے اور آپ کو دشمنوں کے نرغے سے بچائیں گے۔

اسی طرح جنگ اُحد، غزوہ بنی مصطلق، جنگ احزاب، صلح حدیبیہ، غزوہ خیبر، فتح مکّہ، غزوہ حنین و طائف اور جنگ تبوک سب ہی حضرت صدیق ؓ نبی کریم ﷺ کے ساتھ رہے اور جان اور مال سے ہر ممکن خدمت کرتے رہے۔ ان کے ایثار اور ان کے خلوص کو دیکھ کر صحابہؓ کو ان پر رشک آتا تھا اور وہ کوشش کرتے تھے کہ حضرت صدیقؓ سے خدمت اسلام میں بڑھ جائیں لیکن کوئی صحابی بھی اس کوشش میں کامیاب نہ ہو سکا۔ ایک موقع پر جنگ کے لئے چندہ کی تحریک رسول اللہؐ نے کی۔ عمرؓ سوچنے لگے کہ اس موقع پر تو مَیں ضرور ابوبکرؓ کو شکست دے دوں گا۔ کیونکہ ان کے پاس اس وقت اتفاق سے کافی مال تھا۔ بھاگے بھاگے گھر گئے اور آدھا مال لاکر رسول اللہؐ کی خدمت میں پیش کردیا مگر پیچھے پھر کر دیکھا تو صدیقؓ اپنے گھر کا سارا اثاثہ لئے کھڑے تھے۔ فاروق اعظم یہ ایثار دیکھ کر حیران رہ گئے۔ اپنی ہار مان لی اور پھر کبھی مقابلہ کا خیال نہ کیا۔

اب وہ وقت آیا کہ اس سے المناک وقت صحابہؓ پر کبھی نہ آیا تھا۔ یعنی نبی کریم ﷺ اپنا کام پورا کرنے کے بعد اپنے محبوب حقیقی سے جا ملے اور صحابہؓ کی آنکھوں میں دنیا تاریک ہوگئی۔ ان کو یقین ہی نہیں آتا تھا کہ آفتاب رسالت بھی کبھی غروب ہوسکتا ہے۔ اور نبی اکرمؐ بھی کبھی رحلت فرما سکتے ہیں۔ فاروق اعظمؓ کی حالت تو اس صدمہ سے اتنی غیر ہوئی کہ مسجد میں کھڑے ہوکر تلوار کھینچ لی اور کہنے لگے جو کہے گا کہ محمدؐ کا انتقال ہوگیا ہے اس کی گردن اڑا دوں گا۔ صدیق اکبرؓ نے یہ نظارہ دیکھا تو اگرچہ اُن کو خود بھی اپنے پیارے آقا کا کچھ کم صدمہ نہ تھا مگر انتہائی ضبط کے ساتھ منبر پر تشریف لے گئے اور قرآن پاک کی یہ آیت (آل عمران 145) تلاوت فرمائی:۔

جس پر نڈھال اور غمگین صحابہ نے سمجھ لیا کہ واقعی رسول اللہؐ وفات پاگئے۔ حضرت عمرؓ بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔

یہ حضرت صدیقؓ کا اعجاز تھا کہ انہوں نے اپنی برموقع اور برجستہ تقریر سے حضرت عمرؓ کی دماغی حالت کو درست کردیا جو اگر اس المناک صدمہ سے متاثر ہو کر خراب ہو جاتی تو دنیائے اسلام ایک بہت بڑے عظیم الشان انسان کی بے نظیر خدمات سے محروم ہو جاتی۔

رسول اکرم ﷺ کی رحلت کے فوراً بعد سب سے بڑا اور سب سے اہم مسئلہ رسول اللہؐ کی جانشینی کا تھا۔ تمام مسلمانوں نے متفقہ طور پر حضرت صدیق ؓ کو اس ذمہ داری کا اہل قرار دیا اور اس طرح آپؓ دنیائے اسلام کے پہلے خلیفہ مقرر ہوئے۔ ایک شیعہ بزرگ رائٹ آنریبل سید امیر علی اپنی کتاب تاریخ اسلام میں لکھتے ہیں کہ:

''حضرت ابوبکرؓ اپنی بزرگی اور اپنے اثر کے باعث آنحضرت ﷺ کے جانشین منتخب کرلئے گئے۔ آپؓ کی دانائی اور اعتدال پسندی مسلّم تھی۔ آپ کے انتخاب کو حضرت علیؓ اور آنحضرت ﷺ کے خاندان کے افراد نے تسلیم کرلیا''۔

(تاریخ اسلام سید امیر علی۔ ترجمہ باری علیگ صفحہ 42)

خلیفہ ہونے کے فوراً بعد جو خطبہ حضرت صدیق ؓ نے مسجد نبوی میں دیا وہ یہ تھا:۔

''لوگو! مجھے خلافت کی خواہش نہیں تھی مگر اب جبکہ تم نے مجھے اپنا سردار بنایا ہے تو تمہیں میری اطاعت کرنی پڑے گی۔ مجھ سے یہ توقع تو فضول ہے کہ مَیں وہی کام کرسکوں گا جو آنحضرت ﷺ کرتے تھے۔ ان پر آسمان کے دروازے کھلے ہوئے تھے اور دم بدم ان پر تازہ وحی نازل ہوتی رہتی تھی۔ مَیں ایک معمولی سا شخص ہوں اور تم میں سے کسی سے بہتر نہیں۔ تاہم مَیں اپنی انتہائی کوشش کروں گا کہ تم پر عدل وانصاف کے ساتھ حکومت کرسکوں۔ اگر مجھے سیدھی راہ پر دیکھو تو میری اطاعت کرو۔ مَیں غلط راہ اختیار کروں تو مجھے درست کر دو۔ یاد رکھو تم میں سے سب سے کمزور انسان میرے نزدیک طاقتور ہے جب تک مَیں اس کا حق ظالم سے نہ لے لوں۔ اور تم میں کا سب سے طاقتور شخص میرے نزدیک کمزور ہے۔ جب تک مَیں مظلوم کو اس کے پنجہ سے نہ چھڑا لوں''۔

خلافت پھولوں کی سیج نہیں تھی جس کو صدیق اکبرؓ نے اختیار کیا تھا بلکہ کانٹوں کا بستر تھا جس پر ابوبکرؓ کو مجبوراً لیٹنا پڑا۔ کیونکہ ادھر رسول اللہؐ کی وفات کی خبر پھیلی اور عرب بھر کے قبائل میں بغاوت اور سرکشی کی آگ بھڑک اٹھی۔ اکثر قبیلے مرتد ہوگئے۔ بعضوں نے زکوٰۃ سے انکار کر دیا اور بعضوں نے نماز سے اور متعدد جھوٹے نبی اس امید پر کھڑے ہوگئے کہ جب محمدؐ کو کامیابی ہوگئی تو ہمیں کیوں نہ ہوگی۔ ہزاروں لوگ لوٹ مار کے لئے ان کے ساتھ ہوگئے اور ہر طرف جھوٹے نبیوں کا کلمہ پڑھا جانے لگا۔

باغیوں نے اپنے اپنے علاقہ میں ہی بغاوت پھیلانے پر اکتفانہ کی بلکہ مجتمع ہوکر مدینہ پر بھی حملہ کردیا۔ مدینہ سے بارہ بارہ میل تک مرتدین کی فوجیں ہی فوجیں پھیلی پڑی تھیں اور صحابہ پر قیامت کی گھڑی گزر رہی تھی۔ ان کو نہ اپنی جان بچتی نظر آتی تھی، نہ عزت، نہ اپنی عورتوں کی عصمت۔ صدیق اکبرؓ نے اس نہایت ہی صعب اور سخت وقت میں پہاڑ جیسے استقلال اور محیر العقول بہادری کے ساتھ کام لے کر ایک طرف مرتدین کا نہایت کامیاب مقابلہ کیا اور ان کو چاروناچار ضربت صدیقی کے آگے ہتھیار ڈال دینے پڑے۔ دوسری طرف جھوٹے مدعیان نبوت کا بڑی سختی کے ساتھ قلع قمع کیا۔ یہاں تک کہ ایک بھی جھوٹا نبی میدان میں کھڑا نہ رہ سکا۔ اور سب پر مستزاد یہ کہ ایسے ہولناک اور خطرناک وقت میں جبکہ خود دارالخلافہ میں ایک ایک سپاہی کی اشد ترین ضرورت تھی نتائج اور عواقب سے مطلقاً بے پرواہ ہوکر حضرت اسامہؓ کے اس لشکر کو سرحد شام پر روانہ کردیا جسے رسول اللہؐ روانہ کرنے والے تھے مگر رسول اللہؐ کی علالت کے باعث اسے رُک جانا پڑا تھا۔

یہ آسان کام نہ تھا مگر حضرت صدیقؓ نے کہا کہ ابوقحافہ کے بیٹے کی یہ مجال نہیں کہ وہ اس لشکر کو روک سکے جسے اس کا آقا روانگی کا حکم دے چکا تھا۔ اگر مجھے یقین ہو کہ بھیڑیے آئیں گے اور مدینے کے لوگوں کی ٹانگیں پکڑ کر کھینچ لے جائیں گے تب بھی مَیں اس لشکر کو روانہ کرنے سے باز نہیں آؤں گا۔

لشکر روانہ ہوا اور چالیس دن بعد مظفر ومنصور واپس آگیا جس کی وجہ سے تمام عرب میں خلیفۂ اسلام کی بہادری اور مسلمانوں کی طاقت کی دھاک بیٹھ گئی اور اس اولوالعزمی کو دیکھ کر تمام فتنے اندر ہی اندر دب کر رہ گئے۔

بلاشبہ یہ صدیق اکبرؓ ہی کا عزم صمیم اور بے نظیر استقلال تھا جس نے طرفۃ العین میں تمام فتنوں اور تمام باغیوں اور تمام مرتدین اور تمام مدعیان نبوتِ باطلہ کا سر کچل کر رکھ دیا اور اسلام کو گویا نئی زندگی بخشی۔ کون کہہ سکتا ہے کہ اگر خدا تعالیٰ کی خاص مصلحت صدیق اکبرؓ کو تخت خلافت پر نہ بٹھاتی تو اسلام کی کشتی منجدھار میں پڑ کر کتنے ہچکولے کھاتی۔

اندرونی فسادات رفع کرنے کے بعد حضرت صدیقؓ اس ہتک اور توہین کا بدلہ لینے کے لئے مستعد ہوئے جو شہنشاہِ ایران نے اس وقت کی تھی جب رسول اللہ نے اسے ایک تبلیغی خط لکھا تھا اور اسے اس نے اپنے غرور اور گھمنڈ میں آکر پھاڑ کر پھینک دیا تھا۔ جسے سن کر حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ اسی طرح کسریٰ کی شوکت وطاقت کو بھی پارہ پارہ کرکے رکھ دے گا جس طرح اس نے خدا کے رسول کا یہ خط پھاڑا ہے۔

اس کے ملک ایران پر حملے کی ایک فوری وجہ یہ بھی پیدا ہوئی تھی کہ جب عرب کے لوگ بغاوت پر تیار ہوکر اسلامی فوجوں کے مقابلہ پر آئے تو شاہِ ایران نے فوجیں بھیج کر ان باغیوں کی مدد کی اور اس طرح اپنے پاؤں پر خود کلہاڑی ماری۔

اس متکبر ومغرور شہنشاہ کو ہتک رسول کا مزہ چکھانے اور باغیوں کی مدد کرنے کی سزا دینے کے لئے نائب رسولؐ نے اس بے نظیر بہادر انسان کو مقرر کیا جسے دربار نبوت سے سیف اللہ کا خطاب ملا تھا۔ چنانچہ خالدؓ بن ولید نے سرحد ایران پر حملہ کرکے اکثر شہروں کو فتح کرلیا اور عراق عرب کا تو تمام علاقہ اسلامی قبضہ میں آگیا۔ یہ دیکھ کر شہنشاہ ایران کے حواس جاتے رہے اور اس نے سوچنا شروع کیا کہ اب کیا کروں مگر تقدیر پلٹ چکی تھی اور آسمان سے فرشتے اس کی تباہی اور بربادی کا نشان لے کر چل پڑے تھے۔ جو بھی

تدبیراس نے اسلامی فوجوں کے روکنے کی کی اور جتنی بھی عظیم الشان فوجیں وہ مسلمانوں کے مقابلہ میں لایا تب بھی اسے ذلّت آمیز شکست ہوئی اور بالآخر کسریٰ کی سلطنت کا نام ونشان صفحۂ ہستی سے مٹ گیا۔ بدقسمت شہنشاہ ایران نہ سمجھا کہ ؎

جو خدا کا ہے اسے للکارنا اچھا نہیں۔

آنحضرت ﷺ نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں مختلف بادشاہوں کو تبلیغی خطوط روانہ فرمائے تھے۔ بُصریٰ کے حاکم کے پاس حضرت حارثؓ بن عمیر کو دعوت اسلام کا پیغام دے کر بھیجا۔عنانیوں نے ان کو راستہ میں شہید کردیا۔رسول اللہؐ نے اس خونِ ناحق کا بدلہ لینے کے لئے تین ہزار کی فوج روانہ کی ۔مگر اس کا مقابلہ ایک لاکھ عنانیوں سے پڑا۔ اور رومی شہنشاہ نے بھی ایک لاکھ سپاہ بھیج کر عنانیوں کی مدد کی جس کے نتیجہ میں مشہور جنگ مؤتہ واقع ہوئی۔

(تاریخ اسلام اکبر شاہ خان نجیب آبادی جلد اول صفحہ 293)

اب وقت آ گیا تھا کہ رومیوں کو ان کے کبر وغرور کا مزا چکھایا جائے اور حضرت حارث بن عمیر کے خونِ ناحق کا بدلہ لیا جائے۔

دوسرا سبب مسلمانوں کے روم پر حملہ آور ہونے کا یہ ہوا کہ رومی سرحد کا ایک حاکم فروۃ بن عمرو والیٔ معان نے مسلمانوں کی خوبیوں اور ان کی نیکی وتقویٰ سے متاثر ہو کر اسلام قبول کرلیا۔رومیوں کو خبر ہوئی تو انہوں نے فروہ کو پکڑ کر سُولی پر چڑھا دیا۔

(سیرۃ النبی شبلی جلد دوم صفحہ 32)

اس زبردستی کے ظلم پر مسلمان کس طرح خاموش رہ سکتے تھے۔

مگر دونوں فوجوں کا مقابلہ بڑا ہی عجیب وغریب تھا۔ایک طرف چالیس ہزار مسلمان تھے جن کی حالت یہ تھی کہ کسی کے پاس نیزہ ہے تو تلوار نہیں۔تلوار ہے تو نیزہ نہیں اور دوسرے سامان کو بھی اسی پر قیاس کرو۔ ادھر دو لاکھ چالیس ہزار کا لشکر جرار ہر طرح مسلح ان کے بالمقابل صف آراء تھا۔

دو لاکھ چالیس ہزار اور صرف چالیس ہزار کا مقابلہ کیا ۔مگر خدا کے فضل سے مسلمانوں کو حیرت انگیز فتح حاصل ہوئی اور اجنادین کا سارا علاقہ مسلمانوں کے قبضہ میں آ گیا۔

اس موقع پر کوئی یہ نہ سمجھے کہ ایران وروم کی سلطنتیں اس وقت نہایت کمزور ہوگئی تھیں جن پر مسلمانوں نے آسانی سے فتح پالی۔یا مسلمانوں کی عسکری طاقت اس قدر زبردست تھی کہ کسریٰ ایران اور قیصر روم اس کا مقابلہ کرنے سے عاجز رہ گئے ۔نہیں، یہ دونوں باتیں نہیں تھیں۔ ایران اور رومی شہنشاہیاں اس وقت پورے عروج پر تھیں ۔بڑے وسیع القدر ملک پر ان کا قبضہ تھا۔فوج ان کے پاس بکثرت تھی ۔آلات جنگ اور سامان حرب کی انہیں کمی نہ تھی۔ ان کے خزانے زروجواہرات سے اور ان کے اصطبل گھوڑوں سے بھرے ہوئے تھے۔دولت کی فراوانی تھی اور زروجواہرات کی کثرت۔ظاہری شان وشوکت کے لحاظ سے بھی دنیا کا کوئی حکمران ان کے برابر کھڑا نہیں ہوسکتا تھا۔

دوسری طرف مسلمان نہایت کمزور ونحیف تھے۔ نہ ان کے پاس کافی ووافر سامان حرب تھا۔نہ معقول خچر اور اونٹ ہی ساتھ تھے۔لڑنے والوں کی تعداد بھی بہت تھوڑی اور قطعاً ناکافی تھی۔سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر وہ کیا چیز تھی جس کے باعث ان کو پے درپے فتوحات حاصل ہوئیں اور دیکھتے ہی دیکھتے دونوں عظیم الشان سلطنتیں پیوند زمین ہوگئیں ۔ جواب صاف ہے کہ وہ صرف حرارت دین اور قوت ایمانی تھی جس نے خدا کے فضل کے ساتھ مل کر عربوں کو ہر میدان میں نہایت کامیابی کے ساتھ فتح مبین عطا فرمائی۔

ایران اور روم پر مزید پیش قدمی جاری ہی تھی کہ حضرت صدیقؓ نے 63 برس کی عمر میں 22/جمادی الثانی 13 ہجری (مطابق 23/اگست 634ء) کو وفات پائی اور سوا دو برس بڑی مضبوطی اور نہایت شان کے ساتھ حکومت کرنے کے بعد اپنے آقا کے پہلو میں جا سوئے۔

مرتدین کی سرکوبی، معاندین کی پسپائی، مفسدین کی ہلاکت، جھوٹے نبیوں کا استیصال اور ایران وروم پر فوج کشی کے علاوہ حضرت صدیقؓ کے دو زبردست اور مہتم بالشان کارنامے اور بھی ہیں۔

ایک جمع قرآن ۔یعنی جن جن مختلف اجزا پر قرآن کریم لکھا ہوا تھا اُن کو اسی ترتیب سے ایک لڑی میں منسلک کرنا جس طرح رسول اللہؐ کے زمانہ میں حفاظ کے سینے میں محفوظ تھا تا کہ ظاہر میں بھی قرآن لکھا ہوا محفوظ رہے جو آج ہمارے ہاتھوں میں ہے اور جس کی نقلیں بعد میں حضرت عثمانؓ نے کروا کر بڑے بڑے اسلامی شہروں میں بھیج دیں تھیں۔

دوسرا اپنے بعد حضرت فاروق اعظم کا بحیثیت خلیفہ انتخاب ۔ یہ انتخاب ایسا بہترین، اتنا اعلیٰ اور اس قدر بے نظیر ثابت ہوا کہ دنیا حیران رہ گئی۔ ابتدائے عالم سے تا ایندم کوئی بھی انتخاب اتنا بہتر اور اس قدر شاندار ثابت نہیں ہوا جیسا یہ انتخاب ہوا۔

(ماہنامہ الفرقان۔جولائی و اگست 1958ء)

یہاں بھی

رؤف کلاسرا اپنے کالم بعنوان
نواز، زرداری کے لئے لندن کا ایک لطیفہ
میں لکھتے ہیں۔

آصف زرداری اور نواز شریف کی لندن آمد کا سن کر مجھے یہاں کا بڑا مشہور لطیفہ یاد آ رہا ہے کہ کیسے پاکستان سے آئے ایک مولوی صاحب نے لندن میں مسلمانوں کے گھروں میں جا کر جب انہیں یہ بتانا شروع کیا کہ اب وہ یہاں آ گئے تھے لہٰذا انہیں اپنے مذہب اور ایمان کی فکر کی ضرورت نہیں رہی تھی تو کسی دل جلے نے کہا کہ مولوی صاحب یہ کیا ظلم کیا ہے ہم تو آپ کے شر کے خوف سے پاکستان چھوڑ آئے تھے اور آپ یہاں بھی پہنچ گئے۔

(جنگ 13 جولائی 2008ء ص9)

ماخوذ

صحت کے نئے نکتے

کیا یہ معمول کی پیاس ہے؟

کیا آپ زیادہ پیاس محسوس کرتے ہیں اور ہر وقت تھکن کے شکار رہتے ہیں؟ ایسی صورت میں ہوسکتا ہے کہ آپ ذیابیطس کے مریض بن گئے ہوں اور آپ کو اس کا علم ہی نہ ہو۔ایسی صورت میں یہ بہت ضروری ہے کہ مرض کا بروقت کھوج لگا لیا جائے۔

بڑھی ہوئی تھکن اور پیاس کے علاوہ ذیابیطس کی خاص علامات یہ بھی ہوتی ہیں: پیشاب بار بار آتا ہے، کیونکہ خون کی زائد شکر اس کے ذریعے سے خارج ہونے لگتی ہے، نظر دھندلا جاتی ہے، کیونکہ خون کی شکر یا گلوکوز آنکھ کے عدسے میں جمع ہو جاتی ہے۔جنسی اعضا میں کھجلی ہوتی ہے، زخم جلدی مندمل نہیں ہوتے۔

ذیابیطس کی قسم اول کسی وائرس کا نتیجہ ہوسکتی ہے اور یہ دنوں یا ہفتوں میں مرض کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ اس کے برخلاف ذیابیطس قسم دوم یکا یک نہیں گھیرتی، بلکہ دھیرے دھیرے بڑھتی ہے اور غلط فہمی سے اسے تھکن یا عمر میں اضافے کا نتیجہ سمجھا جاتا ہے۔

40 سال سے کم عمر کے افراد قسم اول کے مریض بنتے ہیں، لیکن آج کل مٹاپے میں اضافے کی وجہ سے اس عمر کے لوگ تیزی سے قسم دوم کے مریض بن رہے ہیں۔کبھی ذیابیطس کی یہ قسم عمر میں اضافے کا نتیجہ سمجھی جاتی تھی، لیکن اب خاندانوں میں دونوں ہی قسم کے مریض ملتے ہیں۔

پیاس اور تھکن سے پریشان ہونے سے بہتر یہ ہے کہ آپ پیشاب کا ٹسٹ کرا لیں، تا کہ اس میں شکر کی موجودگی کا کھوج لگایا جا سکے۔ ذیابیطس دوم سے بچنے کی بہترین اور موثر تدبیر یہ ہے کہ متوازن صحت بخش غذا کھائی جائے۔ کچھ بھوک باقی رہنے پر کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا جائے اور روزانہ باقاعدہ ورزش کو زندگی کا معمول بنا لیا جائے۔

ورزش کس وقت کریں؟

لوگوں کی اکثریت کے لئے ورزش کا بہترین وقت شام 4 سے 7 بجے تک ہوتا ہے۔کیونکہ اس وقت جسم کا معمول کا درجہ حرارت سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ عضلات گرم اور لچک دار ہوتے ہیں۔توانائی خوب بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔قلب کی رفتار اور بلڈ پریشر کم رہتے ہیں۔اس لئے ورزش کا دباؤ کم محسوس ہوتا ہے اور زخمی ہونے کا امکان بھی کم رہتا ہے۔

خواتین کے لئے ورزش کا موزوں وقت ایام کے بعد 7 سے 14 دن کا ہوتا ہے۔اس وقت ان کے جسم میں پروجیسٹرون ہارمون کی سطح بہت بلند رہتی ہے۔ جس کی وجہ سے جسم میں چربی اور کاربوہائیڈریٹس (نشاستوں) کے استعمال کی رفتار بھی تیز رہتی ہے۔

ایام میں درد کی شکایت زیادہ ہونے کی صورت میں باقاعدہ ورزش کرتے رہنے سے تکلیف کم محسوس ہوتی ہے۔

ہیپاٹائٹس ’سی‘ سے مکمل شفا ممکن ہے

ہیپاٹائٹس سی (ورم جگر) سے درست تشخیص اور علاج کی صورت میں مکمل صحت ہوسکتی ہے۔ یہ بات عالمی یوم ہیپاٹائٹس کے سلسلے میں منعقدہ ایک اجلاس میں بتائی گئی۔اس موقع پر ماہر معالجین نے بتایا کہ عوام میں ہیپاٹائٹس اے اور بی کے سلسلے میں معلومات کا عام کرنا بہت ضروری ہے۔ ان دونوں اقسام کے وائرس آلودہ خون، سوئیوں، نشتر وغیرہ کی وجہ سے خون میں داخل ہوجاتے ہیں۔ یہ علم بھی عام ہونا چاہئے کہ ان کے مریضوں سے گلے ملنے اور ساتھ کھانا کھانے سے یہ دونوں اقسام صحت مند افراد میں منتقل نہیں ہوتیں۔ ہیپاٹائٹس ج کے مریض اگر خون کے امراض کے ماہر خصوصی سے علاج کروائیں تو انہیں مکمل صحت حاصل ہوسکتی ہے اور ایسا مریض صحت یابی کے بعد نارمل زندگی گزار سکتا ہے۔ علاج نہ کرانے کی صورت میں جگر سکڑ جاتا ہے۔اس کا حفاظتی ٹیکہ دستیاب نہیں ہے۔صرف ہیپاٹائٹس بی کا ٹیکہ فراہم ہے۔

اچھی صحت کے لئے رنگ برنگی غذائیں

صحت عزیز ہو تو رنگ برنگی غذائیں کھایئے اور ایسی غذا سبزیوں اور پھلوں ہی پر مشتمل ہوسکتی ہے۔ رنگ برنگی مٹھائیاں ان کا بدل نہیں ہوسکتیں۔ گہری نیلی، سرخ، سبز، نارنگی اور زرد رنگ کی سبزیاں اور پھل کیروٹینائڈ اور اینٹوسائی نین (Antocyanins) سے پُر ہوتی ہیں۔ یہ صحت بخش اجزا ہوتے ہیں اور ہمیں مرض قلب اور سرطان سے محفوظ رکھتے ہیں۔ یہ غذائیں اپنے مانع تکسید اجزا کی وجہ سے ہمارے جسم کے نظام مدافعت کو قوی اور مستحکم رکھتے ہیں۔ جسم کے خلیات ان کی وجہ سے نقصان سے محفوظ رہتے ہیں۔ چنانچہ ہمارا جسم گھلانے والے امراض سے بچا رہتا ہے۔اس سلسلے میں ماہرین غذا اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ان رنگوں والی سبزیاں شوق سے کھائی جائیں۔

گہری سبز رنگ کی سبزیاں

ان میں پالک، پھول گوبھی اور اس کی دیگر اقسام کیلشیئم کا عمدہ ذریعہ ہوتی ہیں جس سے دانت اور ہڈیاں صحت مند رہتی ہیں۔

سرخ رنگ سبزیاں اور پھل

مثلاً سرخ ٹماٹر، سرخ رنگ کے بیر، اسٹرابیری، سرخ انار، تربوز، سرخ امرود، لائکوپین کے علاوہ اینتوسائی نین مرض قلب، سرطان اور پروسٹیٹ کی تکالیف سے بھی محفوظ رکھتے ہیں۔ فم رحم اور آنتیں بھی صحت مند رہتی ہیں۔

نارنگی/زرد رنگ

لال کدو، گاجریں اور شکر قندی وغیرہ اہم مانع تکسید ہوتے ہیں۔ ان سے پھیپھڑے محفوظ رہتے ہیں اور جسم میں رسولیاں نہیں بنتیں، جلد کھرے دار خلیات سے محفوظ رہتی ہے۔

گہری نیلی سبزیاں

اودے بینگن، اسٹرابیریاں چیریاں، جگر کے فعل کو چوکس رکھتی ہیں جس کی وجہ سے وہ کولیسٹرول کی زائد مقدار کو جسم میں جذب نہیں ہونے دیتا جس سے قلب محفوظ رہتا ہے اور حافظہ بھی قوی اور تیز رہتا ہے۔

پتھری کا توڑ پانی

